© rasailojaraid.com

کتاب کی افادیت میں بیش بہا اضافہ ممکن تھا ۔ اردو داں طبقہ کے لئے بہرحال یہ کتاب بڑی نعمت ہے ۔

شرف الدین اصلاحی

---

**حضرت معاویہ اور تاریخی حقائق :**

زیر نظر کتاب کوئی مستقل بالذات تصنیف نہیں ۔ اس کا بیشتر مواد مولانا ابوالاعلیٰ مودودی کی کتاب خلافت و ملوکیت کے جواب یا جواب الجواب کے طور پر ضبط تحریر میں آیا ۔ مولانا مودودی کی خلافت و ملوکیت شائع ہوئی تو اس کے بعض مندرجات پر کچھ اعتراضات ہوئے اور رد میں کتابیں بھی لکھی گئیں اور مضامین بھی شائع ہوئے ۔ صلاح الدین یوسف صاحب نے ''خلافت و ملوکیت، تاریخی و شرعی حیثیت،، شائع کی ۔ ایک شیعہ عالم حسین بخش صاحب نے ''امامت و ملوکیت در جواب خلافت و ملوکیت،، لکھی ۔ مولانا محمد تقی عثمانی نے ماہنامہ البلاغ میں ایک سلسلہ مضامین شروع کیا جس کے جواب میں ماہنامہ ترجمان القرآن میں ملک غلام علی صاحب نے کچھ اظہار خیال کیا ۔ عثمانی صاحب نے اس کے جواب میں بھی ایک بسیط مضمون لکھا ۔ اس بحث و تمحیص میں مولانا عثمانی صاحب کے قلم سے جو کچھ نکلا ، اس کتاب میں اسے یکجا کردیا گیا ہے ۔

کتاب کے تین جز ہیں ۔ پہلے دو جز عثمانی صاحب کی تحریروں پر مشتمل ہیں ۔ تیسرا جز جس کا عنوان ہے ''حضرت معاویہ، شخصیت ، کردار اور کارنامے'' (حضرت معاویہ کی سیرت و مناقب) مولانا محمد تقی عثمانی صاحب کے برادر زادہ مولوی محمد اشرف عثمانی کی کاوش ہے ۔

کتاب بڑی تقطیع کے ۲۷۲ صفحات پر مشتمل ہے ۔ کتابت و طباعت

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



مناسب ہے۔ کاغذ درمیانہ درجہ کا ہے۔ مجلد مع گردپوش، قیمت دس روپیے پچاس پیسے۔ ملنے کا پتہ:

(۱) ادارۃ المعارف، ڈاکخانہ دارالعلوم، کراچی - ۱۴

(۲) دارالاشاعت ،مقابل مولوی مسافرخانہ، بندر روڈ، کراچی - ۱

(۳) ادارۂ اسلامیات، ۱۹۰ - انارکلی، لاہور

(۴) مکتبہ دارالعلوم، کراچی - ۱۴

شرف الدین اصلاحی

© rasailojaraid.com